SANS SECURITY AWARENESS

OUCH!

آپ کے لیئے سکیورٹی سے آگاہی کا ماہانہ نیوز لیٹر

# اپنے موبائل آلہ کو تلف کرنا

## جائزہ

موبائل آلات جیسے کہ اسمارٹ فونز، اسمارٹ گھڑیوں اور ٹیبلیٹس میں حیرت انگیز شرح سے جدّت آتی جا رہی ہے- نتیجتاً کچھ لوگ ہر سال ہی اپنے موبائل آلات تبدیل کر لیتے ہیں- بدقسمتی سے لوگوں کو اس بات کا احساس نہیں ہوتا ہے کہ ان کے آلات میں کتنی زیادہ ذاتی معلومات موجود ہیں- نیچے ہم نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ آپ کے موبائل آلہ میں کون کون سی معلومات موجود ہو سکتی ہیں اور آپ کو اس موبائل آلہ کو آگے کسی کو دینے سے پہلے معلومات کو محفوظ طریقے سے کیسے وائپ کرنا ہے- اگر آپ کا موبائل آلہ آپ کے آجر کی جانب سے مہیّا کیا گیا ہے یا اس میں آپ کے دفتر سے متعلق کچھ معلومات موجود ہیں تو آپ اپنے بالا افسر سے اس بات کی تصدیق کر لیں کہ اس آلہ میں موجود معلومات کا با قاعدہ طور پر بیک اپ لے لیا گیا ہے-

## آپ کی معلومات

موبائل آلات میں لوگوں کی سوچ سے زیادہ حسّاس معلومات ذخیرہ ہوتی ہیں، بعض اوقات شاید آپ کے کمپیوٹر سے بھی زیادہ، جیسے کہ:

- آپ کہاں رہتے ہیں، کہاں کام کرتے ہیں اور آپ کن جگہوں پر جاتے ہیں-
- آپ کی ایڈریس بُک میں موجود تمام لوگوں کے رابطے کی تفصیلات بشمول آپ کا خاندان، دوستوں اور آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کی معلومات-
- فون کالز کی گزشتہ معلومات جن میں آنے والی کالز، آپ کی جانب سے کی گئی کالز، وائس میل اور مِسڈ کالز شامل ہیں-
- سکیور چیٹ، گیمز یا سوشل میڈیا ایپلیکیشنز میں موجود ٹیکسٹ یا چیٹ سیشنز-
- ویب براؤزنگ کی ہسٹری، سرچ ہسٹری، کوُکیز اور کیشے کے پیجز-
- ذاتی تصاویر، ویڈیوز اور آڈیو ریکارڈنگ-
- ذخیرہ کیئے ہوئے پاس ورڈز اور آپ کے اکاؤنٹس تک رسائی جیسے کہ آپ کے بینک، سوشل میڈیا یا ای میل اکاؤنٹ-
- صحت سے متعلق معلومات جس میں آپ کی عمر، دل کی دھڑکن کی شرح، ورزش کرنے کی گزشتہ معلومات یا بلڈ پریشر شامل ہے-

## آلہ سے معلومات کو تلف کرنا

اس بات سے قطع نظر کہ آپ اپنا موبائل کیسے تلف کرتے ہیں جیسے کہ کسی کو عطیہ کرتے ہیں، کسی سے نئے موبائل کے بدلے میں تبادلہ کرتے ہیں، خاندان کے کسی فرد کو دے دیتے ہیں، کسی کو بیچتے ہیں یا پھینکنے لگتے ہیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے اس آلہ سے اپنی تمام حسّاس معلومات کو تلف کر دیا ہے- معلومات کو صرف ڈیلیٹ کرنا کافی نہیں ہے، آپ اس کے بجائے اپنے آلہ میں موجود تمام معلومات کو محفوظ طریقے سے حذف کریں- اس کا آسان طریقہ اپنے آلہ کو ری سیٹ کرنا ہے- ری سیٹ کا فنکشن مختلف آلات میں الگ ہو سکتا ہے- مندرجہ

ذیل دو سب سے عام آلات میں ری سیٹ کا طریقہ کار بیان کیا گیا ہے- اس سے بھی محفوظ طریقہ یہ ہے کہ اپنے آلہ کو ری سیٹ کرنے سے پہلے آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان میں انکرپشن فعّال ہے- جدید ترین موبائل آلات میں یہ کرنے کا سب سے آسان طریقہ اسکرین لاک لگانا ہے (جو کہ امید ہے کہ آپ نے پہلے ہی فعّال کیا ہو گا)- آخری مشورہ یہ ہے کہ آپ ری سیٹ کرنے سے پہلے اپنے آلہ کی معلومات کا بیک اپ ضرور لیں-

- ایپّل iOS آلات: **Settings | General | Reset | Erase All Content and Settings**
- اینڈرائڈ آلات: **Settings | Privacy | Factory Data Reset**

## سِم (SIM) اور ایکسٹرنل (External) کارڈز

اپنے آلہ کے علاوہ آپ کو یہ بھی سوچنا ہے کہ آپ نے اپنی (SIM Subscriber Identity Module) کے ساتھ کیا کرنا ہے- SIM کارڈ موبائل آلہ میں سیلوُلر یا ڈیٹا کنکشن بنانے کے لیئے استعمال ہوتا ہے- جب آپ اپنے آلہ کو وائپ کرتے ہیں تو SIM کارڈ آپ سے منسلک اکاؤنٹ کی معلومات کو محفوظ رکھتا ہے- اگر آپ اپنا فون نمبر وہی رکھتے ہیں اور صرف آلہ تبدیل کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کو اپنے فون سروس پروائیڈر سے رابطہ کر کے نئے آلہ میں SIM کارڈ کی منتقلی کی بات کرنی چاہیئے- اگر یہ مُمکن نہ ہو تو اپنے پرانے SIM کارڈ کو اپنے پاس رکھ لیں اور اسے اس طرح تباہ کریں کہ کوئی اور اسے آپ بن کر آپ کی معلومات اور اکاؤنٹس تک رسائی حاصل کر کے دوبارہ اُسے استعمال نہ کر سکے- آخری بات یہ کہ کچھ اینڈرائڈ موبائل آلات ریموایبل (SD Secure Digital) کارڈ استعمال کرتے ہیں اضافی اسٹوریج کے لیئے- اپنے آلہ کو تلف کرنے سے پہلے ایکسٹرنل اسٹوریج کارڈ کو ضرور نکال لیں- یہ کارڈز اکثر نئے موبائل آلات میں دوبارہ سے استعمال ہو سکتے ہیں یا عام اسٹوریج کے طور پر USB ایڈاپٹر کے ذریعے آپ کے کمپیوٹر میں بھی استعمال ہو سکتے ہیں- اگر SD کارڈ کو دوبارہ استعمال کرنا مُمکن نہ ہو تو بالکل اپنے پرانے SIM کارڈ کی طرح ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کو اسے تباہ کر دینا چاہیئے-

اگر آپ کو اوپر بیان کئے گئے اقدامات سِمجھ میں نہیں آئے یا اگر آپ کے آلہ میں ری سیٹ کا اختیار مختلف ہے تو آپ اپنے آلہ کو اس اسٹور پر لے جائیں جہاں سے آپ نے اُسے خریدا تھا تاکہ وہاں موجود تربیت یافتہ ٹیکنیشن سے مدد حاصل کر سکیں- آخری بات یہ کہ اگر آپ اپنا آلہ پھینک رہے ہیں تو ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اُسے عطیہ کرنے کے بارے میں سوچیں- بہت سارے زبردست خیراتی ادارے، استعمال شدہ موبائل آلات قبول کرتے ہیں- اس کے علاوہ کئی موبائل سروس فراہم کرنے والی تنظیمیں اپنے اسٹورز میں ڈراپ آف بِنز کی سہولت فراہم کرتی ہیں-

## اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو 'لائک' کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں-

## مہمان مُدیر

کرسٹوفر کراؤلی (@CCrowMontance) واشنگٹن ڈی سی میں ایک خودمختار مشیر ہیں جہاں وہ اپنی توجہ سکیورٹی آپریشنز پر مرکوز رکھتے ہیں- وہ کبھی کبھار ٹوئیٹ اور بلاگ بھی کرتے ہیں- آپ ان کی نئی آنے والی کتاب «سکیورٹی آپریشنز سینٹر» پر ضرور نظر رکھیں- وہ SANS انسٹیٹیوٹ میں سینئر انسٹرکٹر کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں-

## وسائل:

SANS کا کورس: موبائل آلات کی پینیٹریشن ٹیسٹنگ: https://sans.org/sec575

SANS کا کورس: ایڈوانسڈ اسمارٹ فون فارنزیک کورس: https://sans.org/for585

اپنے موبائل آلات کو تلف کرنے سے متعلق FTC کی ہدایات: https://www.consumer.ftc.gov/articles/0200-disposing-your-mobile-device